The decisions to withdraw from SEATO and recognise the Democratic Republic of Vietnam and the Democratic People's Republic of Korea have been widely hailed.

Eid congregations pray for POWs early return

LARKANA, Nov. 9: President Zulfikar Ali Bhutto offered his Eid prayers at Naudero Eidgah, about 13 miles from here. The big congregation later prayed for the long life of the President, for the solidarity, integrity and progress of Pakistan and for the safe and early return of the POWs.

SATTAR NIAZI REARRESTED

MULTAN, Nov. 9: Maulana Abdus Sattar Khan Niazi, President, Jamiat-ul-Ulema-e-Pakistan, was rearrested here on the eve of Eid immediately after he had been released on bail.

He has been apprehended this time for an allegedly objectionable speech delivered by him in Vehari, on the occasion of Jumatul Wida

The JUP leader had earlier been arrested on Sunday last from Lahore, for a speech delivered by him in August last in Multan district. Fresh application for bail is being moved in the court of the District and Sessions Judge, Multan, tomorrow, JUP sources disclosed here this evening.

****
WHAT HAVE YOU DONE FOR PAKISTAN TODAY????????
****

163 more POWs arrive

One hundred and sixty-three more sick and wounded POWs arrived in Rawalpindi on Thursday and Wednesday. This brings the total of POWs and civilian internees repatriated from India to 263. (Detailed story on page 6).

SUBSCRIBE TO VOICE OF PAKISTAN. SPREAD THE NEWS........

PIA may extend China service to Tokyo

KARACHI, Nov. 9: Peking's diplomatic detente with the Western world and Japan may make it possible for PIA now to extend its China's service to Tokyo.

A team of PIA managers, headed by their marketing expert recently probed prospects of such a venture and returned optimistic. Negotiations are now to be held with the Japanese and Japan's eagerness to promote its relations with China raises strong hopes for the success of these negotiations.

For two and a half years, PIA held intensive talks in a bid to connect Shanghai with Tokyo, but Japan's non-recognition of China plus pressure from its own airline—the Nippons—stalled the talks.

The Chinese Government is now reportedly willing to open Peking to airlines of the friendly countries, and PIA hopes to cash on it at the first available opportunity.

If the route materialises, PIA would find it easy to weave a net around the South-East, extending further to Honolulu in the Pacific.

SAFDAR CANDIDATE FOR N.A. POLLS

NAROWAL, Nov. 9: The Muslim League leader, Kh. Mohammad Safdar, will be among six Opposition candidates to file nomination papers for the National Assembly by-election in Narowal Sub-Division.

Five of the nominees, named at a meeting of the Opposition Parties here today, would later withdraw from the contest.

The nomination papers will be filed tomorrow and the election is scheduled for Dec. 3.

****
WHAT HAVE YOU DONE FOR PAKISTAN TODAY????????
****

ANAR KALI
GENERAL STORE
FOR
★★Halal Meat ; Spices ; Rice etc.
AT 864 College St., Toronto
Phone: 536-6606

Home of
Indo-Pak Cuisine
OPEN
7 DAYS A WEEK
11: AM to 11:30 PM
FRI. & SAT. 2 AM
Oriental Dishes
DINING LOUNGE
DISHES TO SUIT ALL TASTES
FAST TAKE-OUT AND DELIVERY
"PIPING HOT TO YOUR HOME"
"BUSINESS MENS LUNCHEON"
$1.50
922-1004
1234 1/2 YONGE STREET
TORONTO

Kazi Imports
ORIENTAL & ISLAMIC
JEWELRY, HANDICRAFTS & DRESSES
****
CHRISTMAS GIFTS; PAKSIATNI FLAGS, CAR DECALS, COLLAR PINS.
★ PAKISTANI RECORDS, CIGARETTES AND BIDIS. ★ WE SEND ORDERS BY MAIL ALL OVER U.S.A. AND CANADA.
****
1647 N.Wells St.
Chicago Ill.60614
(312) 944-8686

Pakistan to stage 3rd Hockey Cup

Pakistan has been allocated the third World Hockey Cup to be held in 1975, according to the sources close to the FIH. This decision was taken by the International Hockey Federation at a recent meeting.

It will be recalled that the first World Cup, sponsored by Pakistan, was to be held early last year but due to unavoidable circumstances the venue was shifted to Barcelona (Spain). Pakistan had won the Cup beating Spain 1-0 in the final. The second World Cup is to be held in Holland next year.

Montreal Olympics

The FIH also took important decisions regarding the number of teams to take part in the field hockey (Men and Women) in the Montreal Olympic Games in 1976 and the qualification of the teams.

In the past 16 teams were taking part in the field hockey in the World Olympic Games. But now it has been decided that only ten men's teams and four women's teams would participate in the Olympics.

As regards the qualifications of the teams, besides the host country, only the World Olympic hockey champions, and not the four semi-finalists as was being done in the past, will automatically qualify for the next Olympic Games. So only 1972 Olympic champions, West German, have qualified for the Montreal Olympics. Being the host country, Canada has also qualified for the 1976 hockey.

Pakistan (silver medalists), India (bronze medalists) and Holland who finished fourth in the Munich Games, will have to fight to qualify for a berth in the 1976 Olympic Games.

Farooq urges tripartite Kashmir talks

RAWALPINDI, Nov. 9: Mir Waiz Mohammad Farooq, Chairman of the Awami Action Committee in Occupied Kashmir, has demanded that a tripartite conference of Pakistan, India and Kashmiri representatives be convened to settle the Kashmir issue in accordance with the United Nations resolutions.

He made the demand while addressing a mass meeting in Srinagar last week, according to a Press release issued here by the Awami Action Committee for Azad Kashmir and Pakistan.

Mir Waiz Farooq said that all agreements between India and Pakistan would fail to bring peace to the sub-continent without a permanent and democratic solution of the Kashmir issue.

The Simla agreement, he said, was a welcome step but if it was not followed by more rational thinking and by dispassionate action to defuse the situation in the sub-continent the results of the agreement would not be very encouraging.

He said all Powers should realise that Kashmir constituted a powder keg and unless this was removed peace would always be elusive

He said it was wrong and harmful to create a feeling of normalcy. What was needed, he stressed, was to go to the root of the malady.

****

WHAT HAVE YOU DONE FOR PAKISTAN TODAY????????

****

Most delegates agree with Pakistan

UNITED NATIONS, Nov.16: Most delegates agree with Pakistan that any General Assembly debate on Bangladesh admission would be wholly unnecessary and would not help her in any way unless Dacca agreed to implement the U.N. resolutions on the last December war.

SEATO doomed, say Bangkok observers

BANGKOK, Nov. 11: With the withdrawal of Pakistan the eventual dissolution of SEATO is virtually certain, observers here believe.

They base their comment on a statement of SEATO Secretary General Sunthon Hongladarom made here today. Mr. Sunthon asked about Pakistan decision said "the implications of this withdrawal are being studied very carefully."

Although he did not detail what these 'implications' were observers take this to mean that the eventual dissolution of SEATO was virtually certain.

****

President Bhutto has denounced the new move by Yugoslavia for Bangla Desh's admission to U.N.

****

Pakistan cautions against premature action on disarm talks

UNITED NATIONS, Nov. 9: Pakistan on Tuesday expressed its reservations about convening a world disarmament conference at this stage and cautioned against any premature action in this regard.

Tufail interprets Interim Constitution

Mian Tufail Mohammad Chief of the Jamaat-i-Islami, Pakistan, has called upon President Bhutto to stand by the pledge which he had made under the interim constitution of the country.

He asserted that the President's Lyallpur speech ran counter to the commitments made in the Constitution.

He said it had been clearly stated in the interim constitution that Islamic values would be promoted in this country. But, he added, when two bills were moved by the independent members of the National Assembly for banning gambling, use of liquor and other vulgar indulgences in the country, these were dropped at the very initial stage on the plea that if these were passed the Government would have to incur a loss of Rs. 3.5 crore.

The Jamaat Chief said that the people flanking President Bhutto were openly advocating the adoption of Socialism as Pakistan's creed although they had pledged on oath their loyalty to Islamic ideology.

He claimed that the Opposition leaders had been assured before signing the constitution accord that the political detenus would be released but the promise had yet to be fulfilled.

Malik given life sentence for sedition in Bangladesh

DACCA *Nov.21* – A. M. Malik, the last governor of East Pakistan, was convicted yesterday of waging war against Bangladesh and sentenced to life imprisonment.

Dr. Malik, 70, also was convicted of collaboration with the Pakistani Army and spreading sedition, but Judge Abdul Hannah Chowdhury did not sentence Dr. Malik on those counts because of his age and prior record.

Dr. Malik had pleaded not guilty to the charges. He was governor of East Pakistan from September until Dacca fell to Indian troops on Dec. 16, 1971.

Defence attorneys had argued that Bangladesh did not have jurisdiction in the case because the state did not exist when Dr. Malik was governor.

Police fire on mobs, 12 die in India

NEW DELHI — Police fired on mobs in three central Indian towns yesterday, leaving at least 12 people dead and scores injured. Rioters protesting against a Supreme Court ruling roamed through Ongole, Tenali and Adoni and turned on government buildings and vehicles, throwing stones and lighting fires, United News of India reported. The court ruling upheld the so-called Mulki rules, which give preference in government hiring in the Hyderabad region to Telenganas, the local ethnic group. Most jobs are held by non-Telenganas.

500,000 U.K. Asians said left off census

LONDON — Conservative Enoch Powell's campaign for tighter immigration control is expected to get added fuel from a dispute over the census figures for Britain's non-white population. An advance analysis of the 1971 census indicates about 1,500,000 non-whites in a population of 53,000,000 but Indian and Pakistani diplomats in London believe the census missed as many as 500,000 Asian immigrants.

Forget winning Bangladesh, Bhutto says

TARBELA, Pakistan — President Zulfikar Ali Bhutto yesterday told Pakistanis to forget about ever reconquering the issue of recognition by Bangladesh. He said some elements were trying to sway the people's decision emotionally. Such emotionalism, he said, already had cost Kashmir and half of the country. *(Nov.21)*.

****

LISTEN TO OUR RADIO PROGRAM "SADA-e-PAKISTAN" EVERY SUNDAY ON CHIN-FM 101 AT 8 to 8.30 P.M.

****

Turkish writer slates move

RAWALPINDI, Nov. 11: Prof. Ahmet Sukuru Esmer, a prominent Turkish writer has deplored that the Government of Bangladesh is adamant on the trial of Pakistani POWs whose only fault was that they remained loyal to the Government of Pakistan.

In an article published in a recent issue of 'Baris', a widely circulating newspaper of Turkey, Prof. Esmer also regretted that Simla agreement could not so far be implemented because of the Indian Government's attitude.

'100 Bengalis a day via Afghanistan'

NEW DELHI, Nov. 11: About 100 Bengalis, escaping from Pakistan via Afghanistan, have been arriving here every day for the past few months, a spokesman of the Bangladesh High Commission said here today.

The spokesman said that the High Commission had made special arrangements for receiving the escapees and sending them to their respective homes in Bangladesh.

Running commentary by Radio on Haj

For the first time this year running commentary on Haj will be broadcast by Radio Pakistan to enable the people of this country to vicariously participate in the most sacred ceremony the, Central Minister for Information, Broadcasting, Haj, and Auqaf, said in Lahore on Thursday evening.

Eighty more Bengalis leave for Dacca

The second batch of Bengalis comprising 80 persons left Lahore on Thursday for Dacca by an IRC plane. They had been permitted to leave the country by President Z. A. Bhutto.

Present at the airport to see them off were two representatives of the Red Cross, Mr. Rabaday and Mr. Chassot. They were profusely garlanded by a large number of people who were present at the airport to see them off. Joint prayers were held for the unity and solidarity of Pakistan and glory of Islam.

****

MR. RAHIM CHAUDHERY, A PAKISTANI LIVING IN TORONTO, IS CONTESTING THE FORTHCOMING CIVIC ELECTIONS IN METRO. HE IS A CNADIDATE FOR SCHOOL TRUSTEE IN WARD 3. ELECTION DAY IS MONDAY, DEC.4.

****

A GROUP OF STUDENTS CHANTING "BANGLA DESH NOT ACCEPTABLE" DISRUPTED A PUBLIC MEETING IN N.W.F.P. WHILE PRESIDENT BHUTTO WAS ADDRESSING. POLICE HAD TO RESORT TO A MILD LATHI CHARGE. (V.O.A.)

****

FINAL DECISION REGARDING THE RECOGNITION OF BANGLA DESH WILL BE TAKEN BY THE NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN, PRESIDENT BHUTTO STATED DURING THE COURSE OF SPEECH IN N.W.F.P. (V.O.A./B.B.C.)

****

TALKS BETWEEN THE MILITARY COMMANDERS OF INDIA AND PAKISTAN HAVE RESUMED IN LAHORE TODAY (NOV.25). THEY WERE POSTPON-ED ABOUT A WEEK AGO WHEN STALEMATE DEVELOPED ON THE FINAL DEMARCATION OF ABOUT TWO SQUARE MILES OF THE LINE OF CONTROL IN KASHMIR. (V.O.A.)

****

****

VOICE OF PAKISTAN

IS AVAILABLE FROM:

1. KASHMIR RESTAURANT
   233 Jean-Talon St.,W.
   MONTREAL, QUEBEC.
2. KAZI IMPORTS
   1647-N.Wells St.
   CHICAGO, ILL.60614
3. ORIENTAL FOODS
   3708-Broadway,
   CHICAGO, ILL.60613.
4. INDO-PAK TRADING LTD.,
   936 -Pape Avenue,
   TORONTO.
5. AFRO-ASIAN FOOD DISTR.,
   918-Pape Avenue,
   TORONTO.
6. ALI BABA RESTAURANT
   Center Street,
   NIAGARA FALLS, ONT.
7. ANAR KALI GENERAL STORE
   854-College Street,
   TORONTO.

بزم خواتین

ادب

غزل

(کوٹ لکھپت جیل میں لکھی گئی)

عابرِ راہ تھے، اُٹھ کر فرازِ دار تک آئے
لہو کا پیرہن پہنا تو کوئے یار تک آئے
جنوں کے شہر میں زنجیر تھے مفت دیوانے
ادا کرنے یہی خوش رسم، ہم بازار تک آئے
نہ پوچھ اے ہمنشیں کتنا حسیں تھا رُوئے آزادی
کہ ہم کنجِ قفس سے باغ کی دیوار تک آئے
رہِ کوئے تمنا میں لکھے صد رنگ افسانے
کوئی شرما گیا جب وہ لبِ اظہار تک آئے
وہ دیکھو چاند نکلا، وہ ستارے جگمگا اُٹھے
وہ دیکھو آبلہ پا وادیِ پُرخار تک آئے
یہ کیسی مملکت دل کی کہ اہلِ دل پہ پابندی
نہ اک نغمہ، نہ اک شعلہ لبِ اظہار تک آئے
ہماری داستانِ آرزو الطاف اتنی ہے
سحر کی جستجو کی تھی شبِ گلنار تک آئے

الطاف حسن قریشی

تنہائی جنہیں سہانی ہے

روبینہ ملک۔ نیر پارک
ڈھونڈتا پھرتا ہوں اے اقبال اپنے آپ کو
آپ ہی گویا مسافر آپ ہی منزل ہوں میں

نجمہ اسمٰعیل عندلیب۔ کویت
تھی کبھی بزم میں رونق مرے دم سے لیکن
اب مرا نام بھی شامل نہیں مہمانوں میں

نگہت رضوی۔ بار بلک
خزینہ ہوں چھپایا مجھ کو مشتِ خاک صحرا نے
کسی کو کیا خبر ہے میں کہاں ہوں کس کی دولت ہوں

صدف رضوی۔ بار بلک
چراغِ آخرِ شب اس قدر اداس نہ ہو
کہ تیرے بعد اندھیرا نہیں اجالا ہے

افسانہ شریف۔ بریسٹل
شکوہ اپنوں سے کیا جاتا ہے غیروں سے نہیں
آپ کہہ دیں تو کبھی آپ سے شکوہ نہ کریں

مدینہ نازلی۔ کارڈف
گو میرے پاس نہ تھا پھر بھی میرے نزدیک
تیرا ہر سانس میرے جسم کو چھو کر گذرا
قطرہ قطرہ تیرے دیدار کی شبنم ٹپکی!
لمحہ لمحہ تری خوشبو سے معطر گذرا

ایس سرتاج تابی۔ گلوسٹر
وہ جو ایک سے تالہ کرکے ساری عمر نبھائیں
ہم نے ڈھونڈے بستی بستی ملے نہ ایسے لوگ

راشدہ فردوس۔
پھر نہیں گئے تو سمجھے ہم سے ستانے والے
دیکھ پچھتائے گا اسے ڈھونڈھ کے جانے والے

نسیم پاجالہ۔ کوین بیلین
جو صدمے ہم پہ گزرتے ہیں، وہ تو گزریں گے
مگر یہ آپ کو غم کیوں ہے، آپ تو جائیں

سیدہ ہما رضوی سوز
شاید کہ تو کبھی ترے آجائے میسر
وہ درد کہ جو درد جدائی سے سوا ہو

عصمت کوثر
عہدِ وفا یا ترکِ محبت جو چاہو سو آپ کرو
اپنے بس کی بات ہی کیا ہے ہم سے کیا منواؤ گے

زاہدہ بی
ابھی سے دھڑکنیں خاموش ہو جاتی ہیں
عجیب ہوگا سماں وہ بھی تم نہ آؤ گے جب

نہیدہ انشاں
لے دے کے اپنے پاس فقط اک نظر تو ہے
کیوں دیکھیں زندگی کو کسی کی نظر سے ہم

اقوالِ زریں

(۱) قائد ملت لیاقت علی خان نے جامِ شہادت نوش فرماتے ہوئے کہا "خدا پاکستان کی حفاظت کرے۔"
(۲) روزویلٹ نے اپنے بسترِ مرگ پر پاس بیٹھے ہوئے لوگوں کو مخاطب کرکے کہا "براہِ کرم روشنی بجھا دو۔"
(۳) ۱۷ اکتوبر ۱۹۴۵ء کو میلان کے قریب مسولینی کو سزائے موت دی گئی۔ اس کے آخری الفاظ تھے کہ "میں بے گناہ ہوں۔"
(۴) نپولین کے آخری الفاظ تھے "اپنے رسالوں کو آگے بڑھاؤ اور طوفانی دھاوا کردو۔"
(۵) ٹیپو سلطان شہید نے موت کو گلے لگاتے ہوئے کہا کہ "اسی طرح تیزی سے آگے بڑھتے چلے جاؤ۔"
(۶) اورنگ زیب کی زبان سے ادا ہونے والے الفاظ یہ تھے "مجھے اندیشہ ہے کہ میرے بعد بدوست ہنگامے ہوں گے۔"
(۷) اکبر نے موت سے قریب ہونے کے بعد یہ الفاظ کہے "میرے ساتھیوں کا خیال رکھنا۔"
(۸) شاعرِ اعظم رابندر ناتھ ٹیگور نے مرتے وقت دائیں ہاتھ کی انگلی سے چند لکیریں کھینچیں اور کہا کہ "میں نہیں جانتا کہ کیا ہوگا۔"
(۹) نپولین کے مشہور سالار کو جب سزائے موت دی گئی تو اس نے فائرنگ کرنے والے دستے کو مخاطب کرکے کہا "ہاں ساتھیو گولی چلاؤ۔"
(۱۰) شاعرِ مشرق جناب علامہ اقبال نے مرنے سے پہلے یہ شعر پڑھا تھا
نشانِ مردِ مومن با تو گویم
چو مرگ آید تبسم برلب اوست

جھنڈے والا

مسعود مفتی

فروری ۱۹۷۱ء کے ہنگامہ خیز دن تھے۔
مشرقی پاکستان کے سرحدی علاقے میں ایک شہر سیاسی ہنگاموں سے اتھل پتھل ہو رہا تھا۔۔۔۔ روز جلسے، جلوس، نعرے اور شور۔۔۔۔ بازاروں کی رونق اُبلنے والے دودھ کی طرح دیگچی سے باہر گر رہی تھی اور جس طرح دودھ کونوں پر گر کر ارد گرد بھاپ اور دھوئیں سے گرمی اور مخصوص بُو پھیلا دیتا ہے، اسی طرح ایک مخصوص سی فضا سارے شہر کی گلی کوچوں میں بسی تھی۔۔۔۔ ننھے ننھے لیڈر برسات کے بُلبلوں کی طرح جلوسوں کی سطح پر بلند ہوتے اور چند نعروں کی سرمستی دکھا کر بند ہی کی ضرب سے ٹوٹ جاتے۔۔۔۔۔ فضا میں گرمی تھی، جوش تھا، صبوچال تھا اور جذبات کے دھارے برساتی پہاڑی نالوں کی طرح پُرشور انداز میں بہتے چنگھاڑتے بھاگ رہے تھے۔
ایک بازار میں فٹ پاتھ کے کونے پر سوکھا سا بڈھا اپنے سامنے مختصر سی پلیٹ میں چار چھ کنگھیاں، دو چار سیفٹی پن کے پیکٹ، چند بلیں اور سوئی دھاگوں کے چند نمونے رکھ کر بیٹھا رہتا تھا۔۔۔۔ اس کے گرد ہنگامے بھنور ڈالتے رہتے، جلوس چلتے رہتے، نعرے چنگھاڑتے رہتے، مگر وہ ہر چیز سے لاتعلق گاہکوں کا انتظار کرتا رہتا۔ وہ اپنے ہاتھوں یا پاؤں کی اوٹ سے اپنے خوانچے کی تہمت کو ہجوم سے بچانے کی کوشش کرتا رہتا اور اُمید بھری نظروں سے ہر آنے جانے والے کی آنکھوں میں جھانکتا کہ شاید کوئی خریدار پیدا ہو، مگر اس کی تجارت کی جنس اتنی حقیر تھی کہ صرف ترس ہی لوگوں کو گاہک بننے پر آمادہ کرتا۔ ضرورت سے مجبور ہو کر کوئی بھی اس تک نہ پہنچتا تھا، کیونکہ ضرورت مندی کی ٹانگیں اسے ہمیشہ بڑے بازار میں لے جاتی ہیں۔۔۔۔ اور ترس والے "انسان" ہوتے ہی کتنے ہیں، چاہے سڑکیں لوگوں سے پٹی پڑی ہوں۔
مارچ ۱۹۷۱ء کا مہینہ پورے مشرقی پاکستان پر چھا رہا ہوا آیا۔ چند دن مکمل سکوت۔۔۔۔ ہڑتال کی وجہ سے کاروبار بالکل بند۔۔۔۔ پھر آہستہ آہستہ کانوں کی بیداری۔۔۔۔ سڑکوں پر چاپ کا شور۔۔۔۔ جلوسوں کی پُرشور انگڑائیاں۔۔۔۔ نعروں کا پُرجوش ہسٹریا۔۔۔۔ اور پھر ۲۳ مارچ کا پاکستان ڈے آتش فشاں پہاڑ کے لاوے کی طرح اُبھرا۔
سرحدی شہر کے بازاروں اور فٹ پاتھوں پر دھڑا دھڑ بنگلہ دیش کے جھنڈے بکنے لگے جیسے دکھیو پیسے مٹھی میں دبائے بازار کو بھاگا جا رہا ہے۔۔۔۔ اور پھر خراماں خراماں سیڑھیاں اور منڈیر کود کر چھتوں پر بنگلہ دیش کے جھنڈے لگا رہا ہوتا، بلکہ بعض لوگ تو مکان کے ہر کونے ہر منڈیر اور ہر کھڑکی پر علیحدہ علیحدہ جھنڈا لگاتے تاکہ ہر طرف سے نظر آئے۔
اس کے بعد بے یقینی کے دن آگئے۔۔۔۔ افواہوں کی بھرمار۔۔۔۔ جھوٹ کی تومار۔۔۔۔ پروپیگنڈے کی جنا نشک۔۔۔۔ شکوک کے رینگتے ہوئے سانپ لوگوں کے جھاڑ پھونس میں دم بدم نئی نئی کینچلیاں بدلتے ہوئے۔۔۔۔ کسی کو معلوم نہ تھا کیا ہو رہا ہے اور کیا ہونے والا ہے۔ پاکستان ریڈیو، ہندوستان ریڈیو اور بنگلہ دیش ریڈیو نئی سے نئی سناتے تھے۔ پاکستان کے اس سرحدی شہر میں ہندوستانی فوجی اور شہری اس طرح گھومتے تھے جیسے نیا کرایہ دار مکان میں سامان لانے سے پہلے بار بار چکر لگا کر جائزہ لیتا ہے۔۔۔۔ بعض لوگ کہتے تھے یہ حصہ اب ہندوستان کا حصہ ہے۔ بعض کہتے تھے آزاد بنگلہ دیش ہے۔ کچھ لوگ ہندوستانی فوج کا انتظار کر رہے تھے، تو کچھ پاکستانی فوج کا۔۔۔۔ اسی گومگو کی حالت میں اس شہر کے فٹ پاتھوں پر ہندوستانی جھنڈے بھی فروخت ہونے لگے۔
کئی لوگ بھاگے بھاگے گئے اور جا کر جھنڈے خرید لائے۔ ان میں سے چند ایک نے تو چھتوں پر لگا بھی دیئے، مگر باقیوں نے تیار کرکے رکھ لیے کہ جب ہندوستانی فوج آئے گی، اس وقت لگائیں گے۔۔۔۔ بعض ایسے بھی تھے جو دبے قدموں سے، سوچتے سوچتے، ڈھیلی چال سے دکان تک گئے۔ وہاں جھنڈے کو دیکھ کر سوچتے رہے۔ پھر ان میں سے بعض خالی ہاتھ واپس آگئے اور بعض کاغذ میں لپیٹ کر یا دامن اور رومال میں چھپا کر لے آئے اور سب سے اندر والے کمرے میں بستروں کے نیچے چھپا دیا۔
کئی لوگوں نے اپنے ہمسایوں سے بات چیت کی کہ اگر انہوں نے ایک سے زیادہ ہندوستانی جھنڈے خریدے ہیں تو وقت پڑنے پر وہ ایک آدھ ان سے خرید لیں گے۔
پھر ڈھول پھٹنے لگی۔۔۔۔ حالات کا اندازہ ہونے لگا۔۔۔۔ چند دن بعد سب جان گئے کہ پاکستانی فوج یلغار کرتی پہنچ رہی ہے۔
شہر کا مزاج ایک دفعہ پھر بدلا۔۔۔۔ ہندوستانی باشندے اور فوجی غائب ہو گئے۔۔۔۔ کئی اور چہرے بھی راتوں رات غائب ہوتے گئے۔۔۔۔ چھتوں پر سے جھنڈے تیزی سے اُترنے لگے اور بالآخر غائب ہو گئے۔۔۔۔
ایک دن صبح ہی صبح پاکستانی توپوں کے دو گولے شہر کے قریب گرے۔۔۔۔ اور پھر خبریں گھومنے لگیں کہ پاک فوج چند گھنٹوں میں آیا ہی چاہتی ہے۔
فٹ پاتھوں پر ایک دفعہ پھر جھنڈے بکنے لگے۔۔۔۔ مگر اب کے یہ پاکستانی جھنڈے تھے۔۔۔۔ لوگ جا جا کر بھاگ گئے اور پاکستانی جھنڈے خرید لائے۔۔۔۔ اگر اس کا سائز سٹینڈرڈ نہ تھا تو کوئی بات نہ تھی، رنگ پھیکا تھا تو کوئی پروا نہ تھی، چاند تارا الٹا بھی تھا تو قابلِ قبول تھا۔۔۔۔ جیسا بھی ہو، جس طرح کا بھی ہو اگر اس کا انداز پاکستانی جھنڈے جیسا تھا تو وہ ہاتھوں ہاتھ بک رہا تھا۔
پھر پاکستانی فوج آگئی۔۔۔۔ شہر پر قبضہ ہو گیا۔۔۔۔ اور ہنگامہ، دار و گیر شروع ہوا۔
ایک صبح سپاہی کنگھیاں بیچنے والے مسکین بڈھے کو دھکے مار مار کر لے جا رہے تھے اور ساتھ ساتھ تھپڑ لگتے اور لاتیں بھی لگا رہے تھے۔ وہ گرتا پڑتا، اُٹھتا، گھسٹتا جا رہا تھا اور بار بار ہاتھ جوڑتا تھا۔
اس کے خلاف الزام یہ تھا کہ وہ ہندوستانی جھنڈے اور بنگلہ دیش کے جھنڈے بیچنے میں پیش پیش تھا اور سارے شہر میں سب سے زیادہ کاروبار اسی نے کیا تھا۔ اس کی بیوی فٹ پاتھ پر خوانچے کے پاس بیٹھ کر پہنچی۔۔۔۔ خود وہ بڑی سرگرمی سے شہر کی بڑی بڑی سڑکوں پر گھوم کر بیچتا اور اس کے بچے اِدھر اُدھر گلیوں میں فروخت کرتے تھے۔
بڈھے کا کہنا تھا کہ اس نے پاکستانی جھنڈے بھی تو اسی طرح بیچے تھے۔ مگر فوجی افسر نے اسے ڈانٹ دیا:
"وہ تو سالے تم نے اپنا بھرم رکھنے کو بیچے تھے تمہیں پتہ تھا کہ دو دن تک پاکستانی فوج آنے والی ہے۔"
دو اور فوجی افسر بھی تھے، انہوں نے اُسے بہت ڈانٹا، سب نے مل کر اُسے گالیاں دیں، باغی کہا، غدار اور ہندوستانی ایجنٹ کہا، ملک دشمن پکارا، اسلام کا بیری کہا اور جو کچھ منہ میں آیا کہتے رہے۔
مگر اب بوڑھا بالکل خاموش تھا۔ پہلے جواب کے بعد اس نے مزید کوئی بات نہ کی۔ بس ایک ہی ٹک باری باری ان تینوں افسروں کے منہ کی طرف دیکھتا جاتا تھا۔
پھر تینوں فوجی افسر سر جوڑ کر آپس میں مشورہ کرنے لگے۔ بڑھے کی حسیات نے اُسے آگاہ کر دیا کہ اب کچھ نہ کچھ ہونے کو ہے۔ وہ فوراً آگے بڑھا اور سب سے زیادہ ڈانٹنے والے فوجی افسر کے پاؤں پکڑ لیے:
"حضور آپ کی باتیں میری سمجھ میں نہیں آئیں۔۔۔۔ پتہ نہیں آپ مجھ کو کیا کہہ رہے ہیں۔۔۔۔ میں تو خوانچہ لگاتا ہوں۔۔۔۔ میرے چار بچے ہیں۔۔۔۔ چھوٹے چھوٹے جناب۔۔۔۔ جب سے پیدا ہوئے ہیں انہوں نے پیٹ بھر کے کھانا نہیں کھایا۔۔۔۔ اُن کے پیٹ کی خاطر میں نے جھنڈے بیچے۔۔۔۔ یہ کاروبار چمکا تو اُن کو عمر میں پہلی بار دو وقت کھانے کو ملا۔۔۔۔ اور میری بیوی نے شادی کے بعد پہلی دفعہ ساری کے ساتھ کُرتی پہنی۔۔۔۔"
وہ ہاتھ باندھ رہا تھا اور اُن کے پاؤں پکڑ رہا تھا۔
"جناب۔۔۔۔ پیٹ۔۔۔۔ صرف پیٹ۔۔۔۔ اور کچھ نہیں۔۔۔۔"
فوجی افسر دوسرے کمرے میں چلے گئے اور چند اور لوگوں سے اس بڑھے کے متعلق پوچھ گچھ کی گئی۔
جب وہ کمرے میں واپس آئے، تو وہ اسی طرح سپاہی نے جب اُسے بتایا، تو منہ کھولے اُٹھ بیٹھا اور حیرت سے اُسے دیکھنے لگا جیسے اُسے یقین نہ آرہا ہو۔
"جاؤ" سپاہی نے اُسے اشارے سے کہا۔
وہ مڑا۔۔۔۔ ایک دو قدم اُٹھائے۔۔۔۔ اور پھر ایک دم رُک گیا۔۔۔۔ مڑ کر فوجیوں کی طرف دیکھ کر خوشامد سے مسکرایا۔۔۔۔ اور بھاگ گیا۔
سارے دن کے کام سے فارغ ہو کر فوجی افسران شام کو باہر آئے، تو دروازے سے کچھ فاصلے پر وہی بوڑھا نظر آیا۔
"ارے اسے ابھی تک رہا نہیں کیا؟" انہوں نے سپاہی سے پوچھا۔
"کر دیا تھا جناب، مگر یہ پھر اِدھر ہی آکر بیٹھ گیا۔"
وہ خوشامد سے مسکراتا ہوا آگے بڑھا۔۔۔۔ اس کے قدم اُلٹے سیدھے پڑ رہے تھے۔ دھوتی کے پلو سے کچھ کھول کر اُس نے خالی کرسی پر رکھ دیا۔
فوجی افسروں نے دیکھا کہ وہ چار چھ کنگھیاں ہیں، دو چار سیفٹی پن ہیں، ایک پنسل اور تھوڑا سا معمولی سا دھاگا ہے۔
"یہ کیا ہے؟" انہوں نے حیرت سے پوچھا۔
وہ تھوڑا سا شرمایا۔۔۔۔ مسکرایا۔۔۔۔ اور پھر بولا:
"میری خوشی جناب!"
اور جھک کر سلام کرتا اُلٹے قدموں واپس چلا گیا۔
فوجی افسروں کو اندازہ بھی نہ ہو سکا کہ اظہارِ تشکر کے طور پر اُس نے جو چیزیں اُن کو پیش کی ہیں، وہ اُس کے خوانچے کا تقریباً سارا سامان تھا۔ ■■

مسلم بنگال نے کنفیڈریشن پسند کی تو سب سے زیادہ خوشی مجھے ہوگی، صدر بھٹو

میں شیخ مجیب سے برابری کی بنیاد پر ملوں گا، وہ اونچی کرسی پر بیٹھیں، میں نیچے ہی بیٹھ جاؤں گا

حمودالرحمٰن کمیشن کی رپورٹ شائع کرنے پر مجھے کوئی اعتراض نہیں، میں خصوصی کمیٹی کی رپورٹ کا منتظر ہوں۔

[illegible]

کشمیر میں ڈیڑھ میل علاقے کے بدلے بھارت دوسرا علاقہ دے

بھارت روس دفاعی معاہدے کے پیش نظر پاکستان سینٹو کو نہیں چھوڑیگا۔ بلٹز کو انٹرویو

[illegible]

بنگلہ دیش کی مخالفت پر غور کرنے کیلئے اپوزیشن کا اجلاس

پاکستان سینٹو نہیں چھوڑے گا

[illegible] جمعیت العلمائے پاکستان، پاکستان جمہوری پارٹی، پاکستان جسٹس پارٹی اور جماعت اہلحدیث شامل ہیں۔

برطانوی سرمایہ کاروں نے برٹش بنگلہ دیش ٹرسٹ قائم کرلیا

سترھویں صدی کی ایسٹ انڈیا کمپنی کے نقش قدم پر چلنے کے شرمناک منصوبے

کمپنی مغربی پاکستانیوں کے کارخانوں میں سرمایہ لگا کر منافع حاصل کریگی

لندن ۲۳ نومبر (نمائندہ خصوصی) اب اس بات کے ثبوت ملتے جارہے ہیں کہ برطانیہ نے اپنے اقتصادی مفادات کی بنا پر پاکستان کے مشرقی حصے کی ملک سے علیحدگی کی حمایت کی تھی [illegible]

[illegible]

۵۵ سال سے زیادہ عمر کے بیمار قیدیوں کی فوری رہائی کیلئے گورنر کا حکم

عام قیدیوں کی سزا میں دو سال سے لیکر پندرہ دن تک کی تخفیف کا اعلان

حیدرآباد جیل سے مریض قیدیوں کو فوری طور پر رہا کر دیا گیا

رعایت سے ۸ سو قیدیوں کو فائدہ پہنچے گا، گورنر تالپور نے حیدرآباد جیل کے ملازمین کو نقد انعامات دیئے،

حیدرآباد ۲۳ نومبر (اپ پ) گورنر سندھ میر رسول بخش تالپور نے ان تمام بیمار قیدیوں کی فوری رہائی کا حکم دیا ہے جن کی عمر ۵۵ سال سے زیادہ ہے [illegible]

[illegible]

امریکہ اور پاکستان کے دوستانہ تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ صدر بھٹو کا صدر نکسن کو جواب

اسلام آباد ۲۳ نومبر (اپ پ) صدر نکسن نے کہا ہے کہ [illegible]

بنگلہ دیش کے مسئلہ پر جنرل اسمبلی میں بحث

اقوام متحدہ ۲۲ نومبر (اپ پ) اقوام متحدہ میں بنگلہ دیش کی رکنیت کے مسئلہ پر جنرل اسمبلی میں بحث ۲۷ نومبر کو ہوگی۔

ملک بھر میں فنی تعلیم کے ادارے قائم کئے جائیں گے

نوابشاہ میں عبدالحفیظ پیرزادہ کی تقریر

نوابشاہ ۲۳ نومبر [illegible]

[illegible]

محمد فضل حق نیپ کے صدر منتخب ہوگئے

صوبائی وزارت سے استعفیٰ دیدیا

پشاور ۲۳ نومبر (اپ پ) صوبائی وزیر اطلاعات و زراعت محمد فضل حق [illegible]

[illegible]

۹۰ ہزار بنگالیوں کی واپسی غیر مشروط ہونی چاہئے

بھارت اور بنگلہ دیش پاکستانی فیصلہ پر غور کر رہے ہیں

نئی دہلی ۲۲ نومبر [illegible]

[illegible]

مغربی پاکستان میں فوری طور پر چائے کی کاشت شروع ہو جائے گی

اسلام آباد — پاکستان میں چائے کی کاشت آئندہ سال فروری سے شروع ہو جائے گی [illegible]

[illegible]

کشمیری رہنما شیخ عبداللہ بھارت کے دشمن ہیں

ہفت روزہ آرگنائزر کا اعلان

نئی دہلی — [illegible]

[illegible]

صدر بھٹو فی الحال امریکہ نہیں جائیں گے

حکومت پاکستان کے ترجمان

راولپنڈی [illegible]

[illegible]

بنگلہ دیش کے داخلہ پر بحث سے برصغیر میں امن کی کوششوں کو نقصان پہنچیگا

جنگی قیدیوں کی واپسی اور مشرقی و مغربی پاکستان کے رہنماؤں کے مذاکرات ضروری ہیں، راجہ تری دیو رائے

[illegible]

سردار قیوم کے جلسے میں زبردست ہنگامہ

طلبہ یونین کے جنرل سیکرٹری زخمی ہوگئے

[illegible]

ٹکا خاں اور مانک شا میں ملاقات کی تجویز

اسلام آباد ۲۳ نومبر (اپ پ) [illegible]

[illegible]

انقلاب کا کرشمہ

پشاور [illegible]

[illegible]

زرعی یونیورسٹی لائلپور کے طلبا میں تصادم

ایک طالب علم ہلاک، دو شدید زخمی

لائلپور [illegible]

[illegible]

سیالکوٹ میں زلزلے کے جھٹکے

سیالکوٹ [illegible]

PLEASE VSIT US FOR LATEST IN

Pakistani Records

West Toronto Music Centre

781 QUEEN ST. W. Phone 362-1168

منتخب خبریں

پاکستان

بھارت کی طرف سے پاکستان کو پھانسنے کی ایک اور چال!

اسلام آباد۔ بھارت اور بنگلہ دیش نے حکومت پاکستان کو پاکستان کے سول قیدیوں عورتوں اور بچوں (جن کی تعداد چھ ہزار ہے) کی رہائی کی مشروط پیشکش کی ہے۔ بھارت کی طرف سے یہ شرط لگائی گئی ہے کہ حکومت پاکستان اس کے بدلے میں پاکستان میں پھنسے ہوئے بنگالیوں کے بیوی بچوں کو بنگلہ دیش جانے کی اجازت دے۔ سیاسی مبصرین نے بھارت کی اس پیشکش کو ایک چال قرار دیا ہے کیونکہ پاکستان میں آباد بنگالی تقریباً نارمل زندگی بسر کر رہے ہیں اور قیدیوں سے ان کا موازنہ نہیں کیا جا سکتا۔ بھارت کو ڈر ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کے آئندہ اجلاس میں بنگلہ دیش کو ممبر بنانے کے سلسلہ میں جنگی قیدیوں کی رہائی کی شرط پیش کرے گا اس لئے پاکستان کی اس مہم کو ناکام بنانے کے سلسلہ میں بنگلہ دیش اور بھارت نے یہ چال چلی ہے۔ صدر بھٹو یہ بات واضح کر چکے ہیں کہ جب تک جنگی قیدی رہا نہیں ہوتے چین بنگلہ دیش کے اقوام متحدہ میں داخلہ کے خلاف ویٹو استعمال کرے گا۔

برطانوی شہریت حاصل کرنیوالے پاکستانیوں کو پاکستانی شہریت کا حق دے دیا گیا

دوہری شہریت کے قوانین جنوری ۷۳ تک نافذ ہو جانے کی توقع

لندن۔ نمائندہ خصوصی۔ پاکستانی سفارت خانے کے مطابق پاکستان اسمبلی نے دوہری شہریت سے متعلق پاکستان شہریت ایکٹ کے نام سے ایک بل کی منظوری دی ہے۔ اس ایکٹ کے نفاذ سے دوہری شہریت کے بارے میں صدر کا جاری کردہ آرڈیننس معطل ہو گیا ہے۔ نئے ایکٹ کے تحت وہ تمام پاکستانی جو کہ برطانوی شہریت حاصل کر چکے ہیں یا آئندہ حاصل کریں گے برطانوی شہریت کے ساتھ ساتھ پاکستانی شہریت بھی برقرار رکھ سکیں گے۔ ایکٹ پاس ہو جانے کے بعد حکومت پاکستان نے برطانیہ کے ہوم آفس سے اس سلسلہ میں رابطہ قائم کر رکھا ہے تاکہ دونوں ملکوں کے درمیان افہام و تفہیم کے نتیجے میں دوہری شہریت سے متعلق ایسے قوانین و ضوابط بنائے جائیں کہ دوہری شہریت حاصل کرنے والوں کو کسی قسم کی پریشانی نہ اٹھانی پڑے۔ توقع کی جا رہی ہے کہ یہ قوانین جنوری ۷۳ء تک نافذ کر دیئے جائیں گے۔

مجیب متحدہ پاکستان کے صدر یا وزیر اعظم بن سکتے ہیں: صدر بھٹو

نیویارک میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے نمائندوں میں مذاکرات کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا

امریکہ بنگلہ دیش کو امداد دے کر بھارت کی مدد کر رہا ہے

بھارت کو بہت امداد دی جا چکی اب ہمیں ہمارا حق دیا جائے: واشنگٹن پوسٹ کو انٹرویو

نیویارک۔ (ایپ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ نیویارک میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے نمائندوں کی ملاقاتوں کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ [illegible]

وزیر اعظم کوسیگن پاکستان کے دورہ پر آئیں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) باخبر ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ اسلام آباد میں روسی سفارت خانہ ان دنوں صدر پاکستان جناب ذوالفقار علی بھٹو اور روسی وزیر اعظم کوسیگن کے درمیان ملاقات کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ پاکستانی اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں کے مطابق روسی سفیر کی کوشش ہے کہ یہ ملاقات آئندہ ماہ پاکستان میں انہی دنوں ترتیب دی جائے جب کوسیگن بھارت اور سری لنکا کا دورہ کریں گے۔ ان کے دورے کی قطعی تاریخ کا اعلان عنقریب کیا جائے گا۔ باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ روس جنوب مشرقی ایشیا میں تیزی کے ساتھ بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر اب پاکستان دشمن پالیسی پر زیادہ دیر تک عملدرآمد نہیں کرنا چاہتا اور پاکستان کی طرف اب "دوستی" کا ہاتھ بڑھانا چاہتا ہے۔ اس کی ایک وجہ چین کا اقوام متحدہ میں بنگلہ دیش کے معاملہ میں سخت رویہ اور صدر نکسن کی انتخابات میں زبردست کامیابی بھی ہے۔ چین نے گذشتہ چند ماہ کے دوران سیاسی سطح پر پاکستان کی جو امداد کی ہے اس سے ظاہر ہو گیا ہے کہ پاکستان میں روسی اثر کی کوئی گنجائش نہیں رہی۔ روس چین کے اس تمام تر اثر کو زائل کرنا چاہتا ہے تاکہ افغانستان اور پاکستان کے راستے بھارت اور نیپال کو روس سے ملانے والی "گرینڈ ٹرنک روڈ" کا روسی خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے۔ ان حلقوں کا کہنا ہے کہ روسی وزیر اعظم کو

H.W.
Super Market
Please Shop Your
GROCERY
AT 272 DUPONT ST.
923-3939

وزیر علی پنجاب کی تقریر کے دوران پنجاب یونیورسٹی میں نعرے بازی
حکومت کا اظہار تشویش

لاہور۔ (ایپ) آج رات جاری شدہ پنجاب یونیورسٹی [illegible]

بھارت نے مشرقی پاکستان پر حملہ کیلئے روس سے ایک ارب کروڑ ڈالر کا اسلحہ حاصل کیا تھا

گذشتہ سال روس نے بھارت کو امداد دینے کی خاطر شمالی ویت نام کی امداد بھی بند کر دی تھی

مصر کو ڈھائی ارب ڈالر کا روسی اسلحہ مل چکا ہے

امریکی محکمہ خارجہ کے خفیہ تحقیق کے محکمہ کی جائزہ رپورٹ میں انکشاف

اقوام متحدہ۔ (ایپ) امریکی حکومت کے خفیہ تحقیق کے محکمہ نے [illegible]

محمد الحق عثمانی کی رہائی اور دوبارہ گرفتاری

کراچی۔ [illegible]

جبری ریٹائر افسروں کا فیصلہ
مستقل آئین کے نفاذ تک ملتوی

کراچی۔ (حفیظ صدیقی، اسٹاف رپورٹر) مرکزی حکومت نے جبری ریٹائرڈ افسروں کے بارے میں قطعی فیصلے کو مستقل آئین کی منظوری کے بعد تک کے لئے ملتوی کر دیا ہے۔ [illegible]

۲۰ ملازم رکھنے والے تمام ادارے کارکنوں کے بچوں کو تعلیمی سہولتیں دینگے

صدر نے آرڈیننس نافذ کر دیا۔ ہر کارکن کے ایک بچے کی میٹرک تک مفت تعلیم کا فیصلہ

اسلام آباد۔ (ایپ) صدر نے آج کارکنوں کے بچوں کی تعلیم کا ترمیمی آرڈیننس مجریہ ۱۹۷۲ء نافذ کیا ہے۔ [illegible]

ڈھاکہ میں کرفیو

ڈھاکہ۔ [illegible]

۸۰ بنگالیوں کا پہلا گروپ ڈھاکہ روانہ ہو گیا

لاہور۔ (ایپ) ۸۰ بنگالیوں کا پہلا گروپ [illegible]

۱۵ دسمبر کے بعد خشکی کے راستے حجاج کا کوئی قافلہ روانہ نہیں ہوگا

سعودی سرحدی چوکی پر ضروری انتظامات: قافلوں کو اجتماعی اجازت نامے جاری ہونگے

راولپنڈی۔ (ایپ) [illegible]

ولی خان سبکدوش ہونا چاہتے ہیں

پشاور۔ (ایپ) [illegible]

مولانا تھانوی علیل ہیں، دعا کی اپیل

کراچی۔ [illegible]

REAL ESTATE
"The best investment on Earth"
Buying, Selling or Investing
in
o Apartments o Mortgages o Business
ISMAIL A. PATEL
Phone. 924-6590 / 929-0174
844 Yonge St, Toronto.

"سوہنا منڈا اور مضبوط مرکز"

تربیلا۔ [illegible]

شہداء کے خاندانوں کیلئے اردن کی طرف سے ۵۰ ہزار ڈالر کا عطیہ

راولپنڈی۔ اردن کی مسلح افواج کے ارکان کی جانب سے [illegible]

میو کالج لاہور کے طلباء میں تصادم پانچ افراد زخمی

لاہور۔ [illegible]

شیشہ و تیشہ

عنقا

بھارت ملک تو بڑا ہے مگر اس کا ظرف اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں تنگی کا کرو تو چھلک پڑے۔ اس کی مثال اس پیمانہ کی سی ہے جس کی تھوڑی سی بھی شخصی جس کے والے ہیجر کا دماغ ہو۔ بھارت پاکستانی جنگی قیدیوں

باقی لاہور الیعوور

احمد ندیم قاسمی

عوامی لیگ کے کسی رکن کو زندہ نہیں چھوڑا جائیگا۔ بھاشانی

شیخ مجیب مجھے قتل کرانے کی کوشش کررہے ہیں

ڈھاکہ ــــ نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ مولانا عبدالحمید خان بھاشانی نے انتباہ کیا ہے کہ اگر مجیب حکومت نے سیاسی مخالفین کا قتل عام بند نہ کیا تو ایک بھی عوامی لیگی رکن کو زندہ نہیں چھوڑا جائے گا۔

مستقبل قریب میں واپسی کا امکان نہیں

اسلام آباد ۔ ۲ دسمبر (اپ پ) ایک سرکاری ترجمان نے آج واضح کردیا کہ بھارت سے جنگی قیدیوں کی اپنی وطن کی واپسی کا مستقبل قریب میں کوئی امکان نہیں ہے۔

مکتی باہنی کے غنڈے غیر بنگالیوں کی لڑکیوں سے جبراً شادی کر رہے ہیں

محب وطن افراد نے سقوط ڈھاکہ کے دو ماہ بعد تک ہتھیار نہیں ڈالے تھے کراچی پہنچنے والے نوجوان کا بیان

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے خلاف

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی مخالفت

علاقائی زبانوں سے اختلاط ہی اردو کی توانائی ہے

ڈاکٹر مالک کو عمر بھر کے لئے جلاوطنی کی سزا

ڈھاکہ ۔ مشرقی پاکستان کے سابق گورنر ڈاکٹر عبدالمطلب مالک کو بنگلہ دیش کی ایک خاص عدالت نے عمر بھر کی جلاوطنی کی سزا سنائی ہے ۔ واحد جج کی صدارت میں کام کرنے والی اس خاص عدالت میں ڈاکٹر مالک پر بنگلہ دیش کے خلاف جنگ کرنے بنگلہ دیش حکومت کے خلاف نفرت پھیلانے اور حکومت پاکستان کے ساتھ تعاون کرنے کے الزامات میں مقدمہ چلایا گیا تھا ۔ موسائٹی فار دی ڈیفنس آف ہیومن رائٹس برائے مشرقی پاکستان نے برطانیہ کے مشہور قانون دان سر ڈنگل فٹ کو ڈاکٹر مالک کی پیروی پر مقرر کیا تھا مگر نام نہاد بنگلہ دیش حکومت نے سر ڈنگل فٹ کو پیروی کی اجازت دینے سے انکار کردیا اور ان کو ڈھاکہ ایئرپورٹ پر سے ہی واپس کردیا۔

مسٹر سالہ ڈاکٹر مالک نے عدالت میں تمام الزامات کو تسلیم کرنے سے انکار کیا تھا ۔ مگر اس انوکھی عدالت نے انہیں تینوں الزامات کا مجرم قرار دیا لیکن ان کو صرف پہلے اقدام کے تحت عمر بھر کی جلاوطنی کی سزا سنائی ۔ ڈاکٹر مالک کو اس سزا کے خلاف ساٹھ دن کے اندر اندر اپیل کرنے کی اجازت دی گئی ہے ۔ ان کے وکیل نے کہا ہے کہ ڈاکٹر مالک اس سزا کے خلاف بنگلہ دیش سپریم کورٹ میں اپیل کریں گے ۔ اس مقدمہ میں ڈاکٹر مالک کی پیروی عوامی لیگی لیڈر اور مشرقی پاکستان کے سابق وزیر لطفے مسٹر عطا الرحمن نے کی ۔

ہم کسی صورت میں بھی بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کرینگے۔ خان قیوم

میں نے اس وقت بھی مجیب کو غدار کہا تھا جب لوگ اپنی کاروں پر بنگلہ دیش کا پرچم لگا کر گھومتے تھے

لیاقت باغ پنڈی کے جلسے میں گڑبڑ کی کوشش، مخالفانہ نعرے، متحارب گروہوں میں تصادم

اسلام آباد ۔ ۲ دسمبر (نمائندہ جنگ) پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ اور مرکزی وزیر داخلہ خان عبدالقیوم خان نے کہا ہے کہ ہم کسی بھی صورت میں بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

شاہ فیصل سینیگال پہنچ گئے

مزید محبان وطن پر مقدمات چلائے جائینگے

مسلمان (نامہ نگار) ریڈیو رپورٹ (اپ پ) کی خبر نے ڈھاکہ میں مقیم اپنے نامہ نگار کے حوالے سے بتایا ہے کہ سابق ڈاکٹر اے ایم مالک کے مقدمہ کا فیصلہ سنائے جانے کے بعد جلد خصوصی عدالتوں میں مزید افراد پر مقدمہ چلایا جائے گا جنہوں نے پاکستانی فوج سے تعاون کیا تھا۔

TRAVEL BOOTH

THE LATEST TRAVEL INFORMTION CENTRE

86-Bloor St., Suite:100, Toronto 347

CALL 964 3333 FOR INFORMTIONS.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

سو تو سبب ہے شاید میرے دل کے رنج
کی ہے کس نے دوا ں لا الٰہ الا اللہ

بنگلہ دیش کو تسلیم کریں یا نہ کریں؟

صدر مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے راولپنڈی میں پیپلز پارٹی کی دعوت افطار میں تقریر کرتے ہوئے قوم کو اس یقین دہانی کا اعادہ کیا ہے کہ عوام کی مرضی کے خلاف "بنگلہ دیش" کو تسلیم نہیں کیا جائے گا نیز وہ عوام کی رائے معلوم کرنے کیلئے عیدالفطر کے بعد چاروں صوبوں کا دورہ کریں گے

ادھر مشرقی پاکستان کا جن لوگوں نے بنظر غائر جائزہ لیا ہے ان کی یہ پختہ رائے ہے کہ مشرقی پاکستان کے عوام ہرگز علیحدگی نہیں چاہتے تھے۔ البتہ وہاں ایک علیحدگی پسند اقلیت ضرور موجود تھی جو پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے ساتھ ہی اس نوزائیدہ اسلامی مملکت کے خلاف مصروف عمل ہو گئی تھی۔ یہ حقیر سی اقلیت کمیونسٹوں، ہندو کانگرسیوں اور بھارتی ایجنٹوں پر مشتمل تھی

اور یہی وہ دشمن عناصر تھے جن سے بھی ناگزیر نے بنگلہ دیش کا منشور دیا تھا۔ اسی قسم کی حقیر اقلیتیں مغربی پاکستان میں بھی "پختونستان"، "سندھو دیش"، "آزاد بلوچستان" وغیرہ کے نعرے لگاتی رہی ہیں (بلکہ ابھی تک ایسے نعرے لگائے جا رہے ہیں) اور ابھی گزشتہ روز صدر مملکت خود یہ اعتراف کر چکے ہیں کہ مغربی پاکستان میں بھارتی ایجنٹ بکثرت مصروف کار ہیں۔ جس طرح مغربی پاکستان میں پاکستان کے خلاف کام کرنے والی حقیر اقلیتوں کے نعروں کو عوام کی آواز نہیں دیا جا سکتا۔ اسی طرح مشرقی پاکستان میں "بنگلہ دیش" کے لئے کام کرنے والی حقیر سی اقلیت کو اس صوبہ کے عوام کی نمائندہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ مشرقی پاکستان کے عوام بھی مغربی پاکستان کے سرمایہ داروں، مفاد پرست حاکموں اور خود غرض سیاستدانوں کے استحصال سے نجات حاصل کرنا چاہتے تھے۔ وہ چھ نکاتی پروگرام کے تحت زیادہ سے زیادہ صوبائی خودمختاری حاصل کرنا چاہتے تھے۔ انہوں نے علیحدگی کی کبھی خواہش ظاہر نہیں کی اور مشرقی پاکستان کے اکثر و بیشتر لیڈر اپنے بیانات میں یہی کہتے رہے ہیں۔ خود شیخ مجیب نے بھی اپنی زبان سے کبھی علیحدگی کا نام نہیں لیا۔ بلکہ مشرقی پاکستان کے بعض لیڈروں کو یہ شکایت ہے کہ انہیں مغربی پاکستان کے لیڈروں نے زبردستی علیحدہ کیا ہے۔ بہرکیف اگر مشرقی پاکستان کی حقیر سی علیحدگی پسند اقلیت کو اس صوبہ کے عوام کی آواز تصور کر لیا جائے تو نہ صرف مشرقی پاکستان

میں بھارتی ایجنٹوں، تخریب کاروں مکتی باہنیوں وغیرہ کی کارروائیوں اور آخر میں بھرپور بھارتی جارحیت کو جائز و برحق تسلیم کرنا پڑے گا بلکہ آئندہ کے لئے یہ راستہ بھی کھل جائیگا کہ بھارتی فوجیں جب چاہیں مغربی پاکستان کی کسی مجہول اقلیت کی امداد و اعانت کے بہانے پھر چڑھ دوڑیں۔

جہاں تک "بنگلہ دیش" کو تسلیم کرنے کے بارے میں عوام کے جذبات و احساسات کا تعلق ہے اس کی ایک جھلک سی جھلک صدر بھٹو شملہ روانہ ہونے سے پہلے وہ خود کے ہوائی اڈے پر دیکھ چکے ہیں جب وہ ابھی پوری بات بھی نہیں کہہ پائے تھے کہ لوگوں نے "نہیں نہیں" کے نعرے لگانے شروع کر دیئے تھے۔ خان قیوم خان بھی پشاور کے ایک جلسہ عام میں اس ضمن میں بڑی زبردست "نہیں" سے دوچار ہو چکے ہیں۔ بہرکیف عیدالفطر کے بعد صدر مملکت جب چاروں صوبوں کا دورہ کریں گے تو انہیں ہر حصہ ملک کے عوام کی رائے کا بخوبی اندازہ ہو جائے گا لیکن اس ضمن میں صدر مملکت کو ان لاکھوں کروڑوں محب وطن بنگالی مسلمانوں کی رائے کا بھی خیال رکھنا چاہیے جو مشرقی پاکستان میں ایک پاکستان سے محبت کی پاداش میں عذاب و اذیت کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ صدر بھٹو نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا ہے کہ مسلم بنگال کو قریب لانا چاہتے ہیں۔ سینے سے لگانا چاہتے ہیں تو اسے تسلیم کرو کیونکہ اس حصے کے عوام کا دل جیتنے کا یہی واحد راستہ ہے۔

علاوہ ازیں یہ امر ناقابل فہم ہے کہ مسلم بنگالیوں کے دل جیتنے کے لیے بھارت کی جارحیت کے نتیجہ کے طور پر بھارتی پٹھو مجیب کی سربراہی میں معرض وجود میں آنے والے "بنگلہ دیش" کو تسلیم کرنا ضروری ہے۔ یہ کوئی نہیں کہتا کہ مشرقی پاکستان کے عوام سے اچھے تعلقات کا اہتمام نہ کیا جائے یا ان سے پیار نہ کیا جائے۔ یہ پیار اور تعلقات تسلیم کئے بغیر بھی بڑھائے جا سکتے ہیں امریکہ نے چین کو تسلیم نہیں کیا لیکن دونوں ملکوں میں پیار بڑھ چکا ہے اور یہ اسی پیار کا نتیجہ ہے کہ اب ویت نام میں جنگ بندی منظور کر لی گئی ہے۔ اصل میں یہ مفاہمت کی بات ہے یہ ملک کے دونوں حصوں کے لیڈروں کے مابین

مفاہمت کا معاملہ ہے یہ صدر بھٹو اور شیخ مجیب کے مابین مفاہمت کا مسئلہ ہے اگر صدر بھٹو اور شیخ مجیب کے مابین مفاہمت کی کوئی صورت پیدا ہو جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ مشرقی اور مغربی پاکستان ایک دوسرے کے قریب نہ آ جائیں۔ مشرقی اور مغربی پاکستان کے عوام کے درمیان پہلے بھی کوئی اختلاف نہیں تھا اور اگر کوئی اختلافات ہیں تو انہیں ختم کیا جا سکتا ہے اصل ضرورت بڑوں کے باہمی اختلافات دور کرنے کی ہے۔ ابھی تک دس ماہ گزر جانے کے باوجود وہ مجیب کو صرف ملاقات پر بھی راضی نہیں کر سکے۔ بہرکیف اگر صدر بھٹو اس مفاہمت کا اہتمام نہیں کر سکتے اور "بنگلہ دیش" کو تسلیم کرنے میں ہی بہتری سمجھتے ہیں تو پھر انہیں اس امر کا بھی جائزہ لے لینا چاہیئے کہ اس طرح کیا نقصانات اور کیا فوائد ہوں گے اور انہوں نے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ عوام کے سامنے مسئلہ کے دونوں پہلو رکھیں گے آخری فیصلہ عوام کو کرنا ہے

(روزنامہ "نوائے وقت" لاہور)

لاہور لاہور ہے

● بعض لوگ آندھیوں کے منتظر رہتے ہیں کہ ٹہنیاں ٹوٹیں گی تو وہ پھل کھائیں گے،

● رسم و رواج اور زبان و لباس کا تنوع حسن کی بجائے حادثہ کیوں بنے،

● جو شخص راستے سے بھٹک جاتا ہے، وہ بھی تو چل رہا ہوتا ہے۔

تنوع میں توانائی ہے

[illegible]

تنگ و شبہ کی فضا

[illegible]

پانے کی دھن میں کھو دینے والے

اس حقیقت کو تسلیم کر کے جلدی ہمیں جو سب سے زیادہ اس کا ثبوت دینا چاہیے کہ ہم جتنی دنیا کی تمام قوموں سے زیادہ قومی یک جہتی کی ضرورت ہے۔ قومی یک جہتی سے قطعی طور پر محروم ہیں ہمارے خیالوں اور نظریات کے سانچے وہی پرانے ہیں۔ ہم اپنی تاریخ کے اتنے بہت سے برس گنوا آئے ہیں مگر ہمارا یہ سفر جسمانی زیادہ رہا ہے اور روحانی یا جذباتی کم ہے۔ جذبات کے لحاظ سے ہم برسوں پہلے کی فضا میں سانس لے رہے ہیں، اور ہم میں سے ہر رنگ جسم کے ساتھ اپنی روح کو بھی عصر جدید کے اس محور رواں میں لانا چاہتے ہیں [illegible]

[illegible]

قومی یک جہتی علاقائی تنوع کی نفی نہیں

[illegible]

باقی صفحہ دس پر

پاکستان کی تازہ سبزیاں



حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

پاکستانی باسمتی چاول
دال ماش اور مونگ دھلی ہوئی اور کابلی چنا
دال چنا۔ ماش۔ مونگ۔ مسور
مرچ۔ ہلدی۔
آٹا بوری۔

کیلے

ادرک
تھوم
کدو

AFRO-ASIAN
918 PAPE AVE, TORONTO.
call at 463-1287.

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو، کینیڈا

یکم دسمبر
شمارہ نمبر ۱۷
جلد نمبر ۱
۱۵ سینٹ

ہم دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہوں گے، بھارت پرامن رہنا چاہتا ہے تو ہم بھی پرامن رہیں گے

بھارت جب بھی حملہ کرے ہمیں تیار پائے گا

صدر بھٹو

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے خلاف تحریک کو عوامی طاقت کچل دے گی

تسلیم کرنے میں تاخیر سے عوام کو نقصان برداشت کرنا ہوگا

صحیح فیصلوں کی بدولت پاکستان برصغیر کا طاقتور ملک بنجائیگا

دستور شریعت و سنت کے مطابق بنایا جائے گا

آئینی سمجھوتہ میں کوئی غلطی ہے تو اس کی ذمہ دار تمام پارلیمانی جماعتیں ہیں

مجیب کی منظوری ملنے کے بعد بھی جنگی قیدی فوراً رہا نہیں ہوں گے، بھٹو

آئینی سمجھوتہ ذاتی پسند ناپسند کا نہیں، پوری قوم کا معاملہ ہے

ایوب خاں کے پاس صرف پولیس تھی، ہمارے ساتھ پولیس اور عوام دونوں ہیں

پشاور میں مزدوروں کے اجتماع اور شہریوں کے استقبالیہ میں صدر کی تقریر

نورالامین کی قیادت میں مشرقی پاکستان کی جلاوطن حکومت قائم کیجائے

قومی اسمبلی نے بھی بنگلہ دیش کو تسلیم کیا تو اسکی کوئی اہمیت نہیں ہوگی، میاں طفیل

جلسے میں ہنگامہ ہوتے ہوتے رہ گیا

پہلے بنگلہ دیش تسلیم کرا دوں تو مجیب کہیں گے خدا حافظ

اخباری نمائندوں سے صدر بھٹو کی بات چیت

میاں شاہ ... صدر ذوالفقار علی بھٹو نے آج یہاں اس امر کی ضرورت پر زور دیا ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے سے پہلے شیخ مجیب الرحمان کے ساتھ ان کی ملاقات ہونی چاہئے۔ یہاں اخباری نمائندوں سے غیر رسمی بات چیت کرتے ہوئے صدر نے کہا کہ میں شیخ مجیب کو اچھی طرح جانتا ہوں۔ بنگلہ دیش کو تسلیم کرلوں تو اسکے بعد وہ کہدیں گے خدا حافظ۔

چند پاکستانی جنگی قیدی فرار

چین کی امداد سے فولاد کے دو کارخانے قائم کئے جائیں گے

کراچی سٹیل مل پر کام شروع کرنے کا دارومدار روسی حکومت پر ہے

نئی سٹیل ملوں کی جگہ کا انتخاب جلد ہوگا، لاہور میں مرکزی وزیر پیداوار کی اخباری نمائندوں سے بات چیت

جے اے رحیم

SUBSCRIBE TO "VOICE OF PAKISTAN"
Subscription for **ONE YEAR $5** only
Send your cheque to:—
FRIENDS OF PAKISTAN
POST BOX: 303; STATION 'D'
TORONTO (ONT.) CANADA

Name ....
Phone No. ....
Address ....
....
....

For informations call,
معلومات کے لیئے
مجلس ادارت
شعبہ تقسیم و اشاعت
961-4217